PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

پی سی بی ایچ ای سی انٹر ورسٹی ٹورنامنٹ 2024 اکتوبر میں شروع ہو گا۔

خواتین ٹورنامنٹ 10 اکتوبر سے شروع ہو گا۔ مردوں کا ٹورنامنٹ 15 اکتوبر سے کھیلا جائے گا۔

لاہور 20 ستمبر، 2024۔:

پاکستان کرکٹ بورڈ، ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کے تعاون سے 10 اکتوبر سے ملک بھر میں پی سی بی، ایچ ای سی انٹر ورسٹی ٹورنامنٹس کے افتتاحی ایڈیشن کی میزبانی کرے گا۔

ایونٹ میں مردوں اور خواتین کے دونوں ٹورنامنٹس ہوں گے۔ 40 اوورز کا خواتین کا ٹورنامنٹ 10 اکتوبر سے شروع ہو گا۔ ٹورنامنٹ میں 25 یونیورسٹیز حصہ لیں گی جنہیں پانچ زونز میں تقسیم کیا جائے گا۔ مناسب وقت پر شیڈول کا اعلان کیا جائے گا۔

مردوں کا ٹورنامنٹ 50 اوورز کے فارمیٹ میں کھیلا جائے گا جو 15 اکتوبر سے شروع ہو گا۔ ٹورنامنٹ میں کل 127 یونیورسٹیز حصہ لیں گی۔ ملک کے 43 مقامات پر 212 میچز کھیلے جائیں گے۔ ٹیموں کو 14 زونز میں تقسیم کیا جائے گا۔

مردوں کے ٹورنامنٹ کے دوسرے مرحلے میں 14 زونز سے ایک ایک فاتح اور ایچ ای سی انٹر ورسٹی ٹورنامنٹ کے آخری ایڈیشن کی چار سیمی فائنلسٹ ٹیمیں شرکت کریں گی۔ دوسرے مرحلے کی تفصیلات کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔

مردوں اور خواتین کے دونوں ٹورنامنٹ پی سی بی اور ایچ ای سی کے درمیان گزشتہ ماہ اسلام آباد میں دستخط کیے گئے ایم او یو کا حصہ ہیں جس کا مقصد یونیورسٹی کے طلباء کو اپنی کرکٹ کی مہارت کو دکھانے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔

مردوں کے انٹرورسٹی ٹورنامنٹ میں سرفہرست پرفارمرز کو 2024-25 کے سیزن میں پی سی بی کے زیر اہتمام ٹورنامنٹس میں ایچ ای سی کی طرف سے کھیلنے کے مواقع دستیاب ہوں گے۔ اس کے علاوہ، ایم او یو کے مطابق ٹورنامنٹس کے اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے اپنی متعلقہ یونیورسٹی سے اسکالرشپ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ آپریشنز پی سی بی عبداللہ خرم نیازی کا کہنا ہے کہ ہم انٹرورسٹی ٹورنامنٹ شروع کرنے کے لیے ایچ ای سی کے ساتھ پارٹنرشپ کے لیے پرجوش ہیں۔ نوجوان کرکٹرز کے لیے قومی اسٹیج پر اپنی یونیورسٹیوں کی نمائندگی کرنے کا یہ ایک منفرد موقع ہے اور بہت سے لوگوں کے لیے یہ پیشہ ورانہ کرکٹ کریئر کی جانب پہلا قدم ہو سکتا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ ٹورنامنٹ پاکستان کرکٹ کے لیے شاندار ٹیلنٹ پیدا کرے گا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial